۔ روح کی حفاظت کرنی چاہیے۔ (ص ۶۹)۔ کسی سے ادھار لینے کے بجائے اپنے آپ سے فاقہ کشی کا ادھار لے کر گزارا کرو (ص ۱۰۰)۔ حکومت چلانے کے اہل صرف وہ لوگ ہیں جن میں علم اور قابلیت ہو' وہ علم اور قابلیت جس سے جمہوریت کی اسمبلی ہمیشہ خالی رہتی ہے (ص ۸۶)۔

کتاب اپنے سادہ اسلوب اور عام فہم انداز کے باعث' اس عظیم فلسفی تک پہنچنے میں مدد دیتی ہے۔ فلسفے کی تفہیم کے لیے اردو میں اتنی عام فہم کتب اکا دکا ہی ہیں۔ تصاویر اور اشاریے نے کتاب کو اور زیادہ بامعنی بنا دیا ہے۔ اس علمی خدمت کے لیے مصنف مبارک باد کے مستحق ہیں۔ (مسلم سجاد)

نظم البیان بلطائف القرآن، مولانا ابوالمعالی محمد علی فیضی۔ ناشر: ادارۃ البحوث الاسلامیہ جامعہ سلفیہ' بنارس۔ صفحات ۲۳۰۔ قیمت درج نہیں۔

اللہ کی آخری کتاب ہدایت قرآن مجید اپنی عجیب و غریب خصوصیت کے اعتبار سے بے مثل و بے نظیر ہے۔ مسلمان علما و فضلا نے اس کی تفسیر و توضیح' قرآنی علوم و فنون کی تدوین' اس کی سور و آیات اور اس کے الفاظ و حروف کے بارے میں جو متنوع کاوشیں کی ہیں' تاریخ انسانی میں ان کی مثال نہیں ملتی۔ اس کتاب ہدایت سے استفادہ کرنے والوں کی سہولت کے لیے علما نے اس کے مضامین و مطالب کی فہرستیں بھی مرتب کی ہیں۔ "نظم البیان بلطائف القرآن" مضامین قرآن مجید کی ایک فہرست ہے جسے مئو کے ایک ممتاز سلفی عالم مولانا ابوالمعالی محمد علی فیضی (۱۲۸۶ھ - ۱۳۵۱ھ) نے ترتیب دیا ہے۔ وہ ایک مدت تک مئو اور بہار و بنگال کے دینی اداروں میں تدریس میں مصروف رہے اور کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ انھوں نے کتاب کا جو مسودہ اپنے قلم سے تیار کیا تھا' وہ اس قدر عمدہ تھا کہ ناشر نے از سر نو کتابت کرانے کی بجائے اصل مخطوطے کا عکس شائع کر دیا ہے۔ تاکہ مولانا کے دلکش خط اور عمدہ ترتیب کا نمونہ محفوظ رہے۔ کتاب میں دو سو کے لگ بھگ موضوعات پر قرآنی حوالے جمع کر دیے گئے ہیں۔ ہر صفحے کو پانچ خانوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے جن میں پارہ' سورہ' رکوع' آیت رکوع اور آیت یا آیات کا خلاصہ درج کر دیا گیا ہے۔ کتاب کے شروع میں مولف نے دس صفحوں کے مقدمے میں بڑی جامعیت سے اعجاز قرآن اور زیر نظر فہرست موضوعات قرآن کا تعارف کرایا ہے۔ اگرچہ اس دور میں اس حوالے سے نہایت عمدہ تالیفات منظر عام پر آچکی ہیں' تاہم تقریباً ایک صدی سال پیشتر تیار ہونے والی اس فہرست کی افادیت برقرار ہے۔ (ڈاکٹر رحیم بخش شاہین)